فیملی چائلڈ کئیر (FCC) میں K-3 اسکول دن / سال

س: K-3 اسکول دن / سال خدمات کی پیشکش کب کی جاتی ہے؟

ج: K-3 اسکول دن / سال خدمات کی پیشکش فیملی چائلڈ کئیر گھرانوں میں ستمبر اور جون کے درمیان کی جاتی ہیں۔ بچے 6 گھنٹے اور 20 منٹ ایک کُل 176 دنوں کے پروگراموں میں شریک ہوتے ہیں۔ یہ کلینڈر اتنے ہی دنوں اور گھنٹوں کا احاطہ کرتا ہے جیسے پبلک اسکولوں میں ہوتا ہے۔ صحیح تاریخیں ممکنہ طور پر ویسے ہی ہونگی جیسے کہ پبلک اسکول کیلنڈر میں ہیں، مگر آپ کو چاہئیے کہ اپنے زیرغور فراہم کنندہ اور نیٹ ورک سے بات کریں تاکہ وہ خاص طور پر کلینڈر کا جائزہ لیں اور آپ کی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنائیں۔

س: کیا K-3 اسکول دن / سال FCC میں مفت ہیں؟

ج: جی ہاں! آپ کی K-3 اسکول دن / سال نشست (مثال کے طور پر، صبح 8:00 سے 2:20 شام) 176 خدمت دن فی سال کے لیے موجود ہے

س: اگر مجھے بچے کی نگہداشت کی ضرورت اسکول دن کے شروع ہونے سے قبل یا ہر روز 6 گھنٹے اور 20 منٹ کے بعد ہے؟

ج: ممکنہ طور ہر، بیشتر FCC فراہم کنندگان خاندانوں کو توسیعی دن کی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں (مفت میں). اگر آپ کو اسکول شروع ہونے سے قبل، اسکول ختم ہونے کے بعد مزید نگہداشست کی ضرورت ہے، آپ کو اپنے پروگرام سے اسکا انتظام کرنے کے لیے براہ راست بات کرنی چاہئیے۔ آپ کی کسی بھی اضافی خدمات (*FCC* نیٹ ورک کو نہیں) کی ضرورت کے لیے پروگرام کو ادائیگی کرینگے۔

س: FCC کس طرح ایک اچھا انتخاب ہے؟

ج: FCC آپ اور آپکے اہل خانہ کے لیے ایک اچھا انتخاب ہونے کی کئی وجوہات ہیں:

1. **یہ آپ کے لیے آسان ہے!** کئی پروگرامز آپ کی برادری میں دستیاب ہیں جن میں آپ کی ضرورت کے لیے لچک دار اور توسیعی گھنٹے فراہم کیے جاتے ہیں۔
2. **ایک گھر جیسا ماحول!** کئی خاندانوں کے لیے، اپنے چھوٹے بچے اسکول بھیجنے کایہ پہلا موقع ہوگا۔ ایک گھریلو انداز کا ماحول انہیں ایک محفوظ، خوش آمدیدی اور گرم جگہ دیتا ہے تاکہ وہ سب کچھ جسے انہیں پری کے فار آل کے شروع ہونے سے قبل ضرورت ہے سیکھ سکیں۔
3. **ملی جلی عمروں کے گروہوں کے ساتھ ملکر سیکھنا!** محکمئہ تعلیم نے ایک تحقیق پر مبنی نصاب تشکیل دیا ہے تاکہ آپکے بچے کی تمام ضروریات کی تکمیل ہو سکے اور ساتھ ہی دوسرے بچوں کی جن کی عمریں 6 ہفتوں سے لیکر 3 سالوں تک ہیں آپ کے پروگرام میں ہو سکتے ہیں۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ چند *FCC* پروگرامز صرف تین سالہ بچوں کے لیے ہوتے ہیں .
4. **آپ جیسے ثقافتی اور لاسانی طور پر!** FCC پروگرام برادی کے درمیان میں واقع ہیں۔ یہ عموما آپکی برادری کے افراد ، ثقافتی اور لسانیات کی عکاسی کرتے ہیں۔

س: میرا FCC فراہم کنندہ کس قسم کی پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرتا ہے؟

ج: ماہانہ صحتی معاونت اور کم از کم چار سالانہ پیشہ ورانہ تعلیمی دنوں کے علاوہ، آپکا فراہم کنندہ اپنے FCC نیٹ ورک کنندہ سے مہنے میں دو بار انفرادی تدریسی کوچنگ حاصل کرتا ہے۔ تمام منسلکہ فراہم کنندگان اور انکے FCC Network نیٹ ورک سے محکمئہ تعلیم کی اعلیٰ معیارات کی تکمیل کی توقع کی جاتی ہے۔

س: مجھے FCC Network کس قسم خدمات فراہم کرتا ہے؟

ج: FCC Network آپ کے لیے یہاں موجود ہے! ایک خاندانی کارکن آپ کو ضرورت کی ہر قسم کی خدمت فراہم کرنے کا پابند ہوگا (مثال کے طور پر کمیونٹی خدمات، تمام اہل خانہ کے لیے تعلیمی وسائل، خاص تعلیمی خدمات کو سمجھنا، والدینی کرنا اور بہت کچھ)۔

س: میں اپنے بچے کا K-3 اسکول دن / سال FCC پروگرام میں کس طرح اندراج کرواسکتا ہوں؟

ج: myschools.nyc پر جائیں اور اپنی برادری میں پروگراموں کو تلاش کریں، انکی "ٹائپ" (Family Child Care) (فیملی چائلڈ کئیر) چھانٹی کریں اور FCC Network رابطے کی فہرست کو کال کریں تاکہ کسی مخصوص پروگرام کے بارے میں مزید جان سکیں۔